اسٹیٹ لائف

انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

# تحفظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

مارچ 2017



جناب عدیل منظور، ایریا منیجر، فیصل آباد ریجن

جنہوں نے سال 2016 میں 88,000,000 روپے کا نیا بیمہ فروخت کر کے ایریا منیجر کیٹیگری میں، کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کی۔

اس موقع پر چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر انہیں پھول پیش کر رہے ہیں۔

- گروپ اینڈ پینشن کانفرنس 2017 کا لاہور میں انعقاد
- حیدرآباد زون میں تقسیم انعامات اور ایجنسی میٹنگ
- اسٹیٹ لائف کے 14 ملازمین کے لیے بذریعہ قرعہ اندازی حج کی سعادت
- ناردرن ریجن اسلام آباد میں جشن آزادی فیلڈ میلہ

www.statelife.com.pk

نقطہءنظر

# کچھ گذارشات

ہماری ہمیشہ یہی خواہش رہتی ہے کہ تحفظ میں تمام زونز اور ریجنز کی ترقیاتی سرگرمیوں اور خبروں کو جگہ دی جائے۔ اور اہم تقریبات کی تصاویر بھی شائع کی جائیں لیکن ہماری یہ خواہش پوری نہیں ہو پاتی ہے۔

ہم ہر شمارے کی تیاری سے قبل تمام زونل و ریجنل سربراہان سے ایک خط کے ذریعے گذارش کرتے ہیں کہ وہ ایک مقررہ تاریخ تک ہمیں اپنی رپورٹس بھجوادیں۔ اس کے باوجود اس ضمن میں ہم خاطر خواہ نتائج حاصل نہیں کر پاتے۔ اب ہم نئے انتظامات کے تحت آپ کو یہ اطلاع دینا چاہتے ہیں کہ آئندہ اپنی تمام تحریریں، رپورٹس اور تصاویر خوشخط، واضح اور صاف براہِ راست سی سی ڈی کو ہر مہینے کی 20 تاریخ تک ارسال کردیں۔


کارپوریشن کی ترقی واستحکام کے لیے کوشاں رہیں۔ ترقی کی شاہراہ پر ہم بہت آگے نکل گئے ہیں۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اس کو برقرار رکھیں اور اپنے ادارے کو بہتر سے بہتر بنائیں۔ پالیسی ہولڈرز کو بہترین سروسز فراہم کریں۔ یہ ہمارا قومی فریضہ بھی ہے اور ہماری ذمہ داری بھی۔

اپنے ادارے کو مزید ترقی واستحکام کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں استعمال کریں۔

ایڈیٹر

ccd.statelife.@yahoo.com

## فرمانِ الٰہی



''پھر کیا تم لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ یونہی جنت کا داخلہ تمہیں مل جائے گا، حالانکہ ابھی تم پر وہ سب کچھ نہیں گزرا ہے جو تم سے پہلے ایمان لانے والوں پر گزر چکا ہے؟ ان پر سختیاں گزریں، مصیبتیں آئیں، مارے گئے، حتیٰ کہ وقت کا رسول اور اس کے ساتھی اہل ایمان چیخ اٹھے کہ خدا کی مدد کب آئے گی؟''۔

(سورۃ البقرہ: آیت 214)

## فرمانِ رسول ﷺ



سیدنا سہل بن سعد الساعدی روایت کرتے ہیں کہ سرورِ کونین ﷺ نے شہادت کی انگلی اور بیچ والی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں اس طرح (ایک دوسرے کے قریب) ہوں گے اور آپ ﷺ نے انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی اور بیچ کی انگلی سے اشارہ کیا اور دونوں انگلیوں میں تھوڑا سا فرق باقی رکھا۔

(صحیح البخاری، کتاب الطلاق)

## قائدِاعظمؒ نے فرمایا



خدا نے ہمیں یہ سنہری موقع عطا کیا ہے کہ ہم ثابت کر دکھائیں کہ ہم واقعی ایک نئی مملکت کے معمار ہونے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ خدارا، کہیں لوگ یہ نہ کہیں کہ ہم یہ بار اٹھانے کے قابل ہی نہ تھے۔

(11 اکتوبر 1947)

## فرمودۂ اقبالؒ



ہے زندہ فقط وحدت افکار سے ملت
وحدت ہو فنا جس سے وہ الہام بھی الحاد
وحدت کی حفاظت میں بے قوت بازو
آتی نہیں کچھ کام یہاں عقل خداداد

مدیر: رضیہ رمضان ڈوسہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ/اے جی ایم)

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی-75530
ٹیلی فون نمبر: (021)99202819
فیکس : (021)99202868

لے آؤٹ ڈیزائن: اسپیکٹرم کمیونی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# ''گروپ اینڈ پینشن کانفرنس 2017''
## لاہور میں انعقاد

گذشتہ دِنوں گروپ اینڈ پینشن لاہور کے زیرِاہتمام دوروزہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت جناب غفران میمن، ای ڈی (جی اینڈ پی) نے کی۔ اس کانفرنس میں جناب افتخار احمد، ڈویژنل ہیڈ جی اینڈ پی، جناب فیصل ممتاز جی ایم ایکچوریل، زونل ہیڈز گروپ اور تمام سیکٹر ہیڈز نے شرکت کی۔



تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ ڈویژنل ہیڈ گروپ جناب افتخار احمد نے کانفرنس کا ایجنڈا پیش کیا۔ بعدازاں انھوں نے گروپ اینڈ پینشن میں پچھلے سال ہونے والے بزنس اور سال 2017 کے لیے نئے ٹارگٹ پیش کیے۔ مارکیٹنگ فورس کو مارکیٹ کی بدلتی ہوئی صورت حال میں ضروریات کے مطابق نئی پالیسیاں ترتیب دینے پر زور دیا۔ انہوں نے مارکیٹنگ فورس کو اسٹیٹ لائف میں بدلتے ہوئے حالات لائف انشورنس، ہیلتھ انشورنس، تکافل اور بینک ایشورنس کے حوالے سے تفصیلی جائزہ پیش کیا۔

ایکچوریل ڈویژن نے پی ایچ ایس کے بارے میں حاضرین کی معلومات کے لیے ایک ٹیسٹ کا انعقاد کیا تھا۔ اس ٹیسٹ میں تمام سیکٹر ہیڈز نے شرکت کی اور راولپنڈی کے سیکٹر ہیڈ جناب ندیم بیگ نے اس میں کامیابی حاصل کی جن کو جناب غفران میمن ای ڈی (جی اینڈ پی) نے انعام پیش کیا۔



جناب اعجاز پروفیشنل ٹرینر نے حاضرین کو مختلف طریقوں سے لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے کے لیے اپنے تجربات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر جناب علی عباس سیکٹر ہیڈ لاہور اور جناب احسان سیکٹر ہیڈ کراچی ''گروپ انشورنس برائے موکل سے پہلا رابطہ'' کے عنوان پر خیالات کا اظہار کیا۔



جناب شاہد کھوکھر، سیکٹر ہیڈ لاہور اور جناب احسن بیگ، سیکٹر ہیڈ راولپنڈی نے مارکیٹنگ فورس کے لیے ٹینڈر کی ضروریات کے عنوان پر بھرپور خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر الفا انشورنس کے جنرل منیجر جناب خالد شیخ نے کمپنی کے ماحصل کمیشن، کلیم اسٹیبلشمنٹ کے حوالے سے سیر حاصل خیالات کا اظہار کیا۔

آخر میں جناب غفران میمن ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جی اینڈ پی نے مارکیٹنگ اور جی اینڈ پی کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے حاضرین کو آنے والے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اپنے آپ کو جدید خطوط پر استوار کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ اب انشورنس فیلڈ میں مقابلے کا رجحان بہت زیادہ ہے۔ آپ بہتر تیاری کے ذریعے ہی کارپوریشن کے بزنس میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ کارپوریشن کی ترقی سے ہی آپ لوگوں کی ترقی وابستہ ہے۔ آخر میں کامیاب سیکٹر ہیڈز کو پھول پیش کیے گئے۔ (تحفظ رپورٹ: مظہر حسین تبسم، جی اینڈ پی، لاہور)



# اسٹیٹ لائف کی جانب سے 14 ملازمین حج کی سعادت حاصل کریں گے
## پرنسپل آفس میں قرعہ اندازی کی تقریب کا احوال

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن ہر سال کی طرح اس سال بھی اسٹیٹ لائف ایمپلائز یونین سے معاہدے کی روشنی میں 14 ملازمین کو حج کرائے گی۔ اس ضمن میں گذشتہ دنوں پرنسپل آفس میں قرعہ اندازی کی تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر نے کی۔ اس موقع پر ای ڈی (پی اینڈ جی ایس) جناب غفران میمن، ای ڈی (پی ایچ ایس) جناب جمیل انور، ای ڈی انویسٹمنٹ جناب اذکار خان، جناب شاہد وحید، صدر سی بی اے، ڈویژنل ہیڈ صاحبان، یونین کے عہدیداران، افسران اور اسٹاف ممبران نے شرکت فرمائی۔
چیئرمین جناب شعیب میر نے کمپیوٹر کا بٹن دبا کر قرعہ اندازی کا افتتاح کیا جس کے مطابق اُن


حج قرعہ اندازی کے موقع پر چیئرمین اور ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اسٹیج پر تشریف فرما ہیں۔

خوش نصیب افراد میں پرنسپل آفس اور سدرن ریجن سے محمد زاہد سپرنٹنڈنٹ (جی ایس) پی او، جناب عدنان حسین سینئر آفس اسسٹنٹ کراچی ساؤتھ زون اور جناب سید جمیل احمد سینئر آفس اسسٹنٹ کراچی ساؤتھ شامل ہیں۔


حاضرین محفل

اسی طرح ملتان، حیدر آباد اور کوئٹہ ریجن میں، سکھر زون کے جناب منیر احمد اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، ملتان زون کے جناب سید تجمل عباس، سینئر آفس اسسٹنٹ اور ساہیوال زون کے شہزاد رفیق، سینئر آفس اسسٹنٹ اُن خوش نصیبوں میں شامل ہیں۔
ناردرن ریجن سے میرپور آزاد کشمیر کے چوہدری زاہد اسماعیل، سینئر آفس اسسٹنٹ، سوات زون کے جناب محمد صدیق سینئر آفس اسسٹنٹ اور راولپنڈی زون کے شاہ معروف حسین، سینئر ریکارڈ سارٹر اُن خوش نصیبوں میں شامل ہیں۔
سینٹرل ریجن سے لاہور ساؤتھ زون کے جناب علی احمد میر، ریکارڈ سارٹر، جی اینڈ پی لاہور کے جناب مظہر اچھ تبسم، سینئر آفس اسسٹنٹ اور فیصل آباد کے جناب محمد رمضان، سینئر آفس اسسٹنٹ اُن خوش نصیبوں میں شامل ہیں۔


شرکا قرعہ اندازی ای ڈیز اور صدر سی بی اے

علاوہ ازیں خصوصی زمرہ میں کراچی ساؤتھ زون کے سعید عارف رحیم شاہ، سپرنٹنڈنٹ اور کراچی ساؤتھ زون کے ہی جاوید اقبال سپرنٹنڈنٹ اُن خوش نصیبوں میں شامل ہیں۔

اس موقع پر اپنے خطاب میں صدر سی بی اے جناب شاہد وحید نے تمام کامیاب عازمینِ حج کو مبارک باد پیش کی۔


جناب شاہد وحید صدر سی بی اے، جناب محمد زاہد کو حج قرعہ اندازی میں نام نکلنے پر مبارک باد دے رہے ہیں۔

آخر میں اپنے اختتامی خطاب میں چیئرمین جناب شعیب میر نے تمام خوش نصیبوں کو مبارک باد پیش کی اور ان پر زور دیا کہ وہ ان مقدس مقامات پر میرے اور پوری کارپوریشن کی ترقی کیلئے دعا کریں۔

(تحفظ رپورٹ)


# حیدرآباد زون میں تقریب تقسیم انعامات اور ایجنسی میٹنگ

حیدرآباد زون کی جانب سے کنگز کلب حیدرآباد میں تقسیم انعامات کی ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں حیدرآباد کے تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور گرینڈ لکی ڈرا کے کوالیفائرز سیلز نمائندگان نے شرکت کی۔ اس تقریب کی صدارت جناب شعیب میر، چیئرمین اسٹیٹ لائف نے فرمائی۔ زونل سربراہ حیدرآباد، جناب عبدالحسین کپری نے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض انجام دیے۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا بعد ازاں تلاوت اور نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔


جناب شعیب میر صاحب چیئرمین اسٹیٹ لائف اور جناب محمد اقبال گل صاحب ریجنل چیف حیدرآباد ریجن جناب بلیغ الدین، سیلز آفیسر کو Rs.1,00,000/= کیش پرائز دیتے ہوئے۔

پنڈال پہنچنے پر جناب شعیب میر، چیئرمین کا ریجنل چیف حیدرآباد، زونل سربراہ، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن، صدر ایریا منیجر ایسوسی ایشن اور پنڈال میں موجود فیلڈ کارکنان اور آفیسرز و اسٹاف نے والہانہ استقبال کیا۔

جناب محمد اقبال گل، ریجنل چیف، حیدرآباد نے چیئرمین کو پھولوں کا گلدستہ اور سندھ کی روایت کے مطابق سندھی ٹوپی اور اجرک کا تحفہ پیش کیا۔



حاضرینِ محفل۔

اپنے خطاب میں ریجنل چیف، حیدرآباد نے جناب شعیب میر کا اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکال کر حیدرآباد آمد پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ انشا اللہ حیدرآباد ریجن سال 2016 میں کم از کم 18 کروڑ روپے کا اضافی بزنس دے کر کارپوریشن میں نمبر 1 پوزیشن حاصل کرے گا اور اپنے زونز اور ریجن کا جھنڈا مزید بلند کرے گا۔ جناب اقبال گل نے



جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف خطاب کر رہے ہیں۔

چیئرمین کو یقین دلایا کہ ہمارے ریجن کے تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان کارپوریشن میں نمبر 1 پوزیشن حاصل کرنے کے لیے دن رات محنت کر رہے ہیں اور وہ اپنی صلاحیتوں سے کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کریں گے۔

جناب شعیب میر، چیئرمین اسٹیٹ لائف نے اپنے خطاب میں سب سے پہلے ریجنل چیف، زونل سربراہ، حیدرآباد زون، تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن اور ایریا منیجرز


جناب اقبال گل، ریجنل چیف حیدرآباد خطاب کرتے ہوئے۔

ایسوسی ایشن کے نمائندگان اور حاضرین محفل کا شکریہ ادا کیا کہ آپ تمام حضرات نے اتنی بڑی تعداد میں اور اتنی صبح جمع ہو کر مجھ سے محبت کا ثبوت دیا ہے انہوں نے کہا کہ جناب محمد اقبال گل کی


جناب عبدالحسین کپری، زونل سربراہ، حیدرآباد زون اسٹیج سیکریٹری کے فرائض انجام دیتے ہوئے۔

سربراہی میں حیدرآباد ریجن کی ترقی ایک قابل فخر امر ہے، ماضی میں آپ لوگوں نے وہ کارنامے انجام دیے جو انشورنس کی تاریخ کا حصہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ مجھے زیادہ سے زیادہ بزنس دیں تاکہ کارپوریشن پر منڈلانے والے خطرات کا میں بھرپور دفاع کر سکوں۔ انہوں نے اس بات کو زور دے کر کہا کہ آپ کی تمام مراعات میرے پاس سے نہ ملنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا بلکہ ہماری کوشش ہوگی کہ اس میں تاخیر بھی نہ ہو اور آپ کو آپ کی تمام مراعات جلد از جلد مہیا کی جائیں۔

اس موقع پر گرینڈ لکی ڈرا کی قرعہ اندازی کی گئی جس میں جناب بلیغ الدین سیلز آفیسر نے بمپر پرائز مبلغ ایک لاکھ روپے کا انعام حاصل کیا۔ اس کے بعد 05 موٹر سائیکلوں کی قرعہ اندازی کی گئی جس میں جناب طارق علی ملاح، جناب لیاقت علی لغاری، جناب الطاف حسین بردی، جناب غلام محی الدین، سیلز نمائندگان اور جناب اشوک کمار، سیلز منیجر خوش نصیب قرار پائے۔

(رپورٹ: محمد عرفان۔ پی ایس ٹو ریجنل چیف حیدرآباد)

# ناردرن ریجن اسلام آباد میں جشن آزادی فیلڈ میلے کا شاندار انعقاد

ناردرن ریجن اسلام آباد میں فیلڈ فورس کی حوصلہ افزائی اور ان کی کوششوں کی بھرپور پذیرائی کی گئی دیرینہ روایت کے عین مطابق پاکستان کے جشن آزادی کے موقع پر لوک ورثہ اسلام آباد میں جشن آزادی میلے کا اہتمام کیا گیا جس میں راولپنڈی زون نے ناردرن ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے کوالیفائی کیا۔ راولپنڈی زون کے کوالیفائرز کی بھاری تعداد نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔ اس موقع پر پنڈال کو نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔



فیلڈ میلے میں آمد پر جی ایم مارکیٹنگ اظہر حسین کا استقبال۔

لوک ورثہ اسلام آباد میں منعقدہ اس یادگار تقریب میں فیلڈ فورس کی حوصلہ افزائی کے لیے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ مہمانوں کی آمد پر جناب چوہدری محمد اعجاز، ریجنل چیف نارتھ سمیت شرکائے تقریب نے گرم جوشی سے ان کا استقبال کیا۔ پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں انہیں خوب صورت ہار پہنائے اور ستے پیش کیے گئے۔

اس موقع پر دو عمرہ کے ٹکٹ، پانچ موٹر سائیکلیں اور دس موبائل فون کی قرعہ اندازی کی گئی۔ بعدازاں جیتنے والوں کے ناموں کا اعلان کیا گیا۔ میلے کو پر رونق بنانے کے لیے تفریحی پروگرام کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔

اس موقع پر خطبہ صدارت میں جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنی مخصوص شعلہ بیانی



شرکا فیلڈ میلہ۔

سے تقریب کو گرماتے ہوئے فیلڈ فورس کو دل و جان سے محنت کرتے ہوئے کامیابی، مزید بلندیوں کو چھونے اور دیگر ساتھیوں کے لیے مثال بننے کی تلقین کی۔ انہوں نے ایسا بزنس کرنے پر زور دیا جو کہ کارپوریشن کے لیے منافع بخش ہو۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا وقار آپ لوگوں کے دم سے قائم ہے اور مجھے یہ یقین کامل ہے کہ اس سال ہم کارپوریشن کا ریکارڈ بزنس کریں گے




چوہدری اعجاز ریجنل چیف کو زونل ہیڈ پھول پیش کر رہے ہیں۔

شرکائے میلہ کے لیے مختلف قسم کی تفریح، کھیل اور ریفریشمنٹ کا اہتمام بھی کیا گیا تھا جس سے کوالیفائرز بھرپور انداز میں لطف انداز ہوئے۔

تقریب کے اختتام پر جناب چوہدری محمد اعجاز، ریجنل چیف نارتھ نے تقریب کے منتظمین کو زبردست اہتمام کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔




اسٹیج پر موجود شرکا قومی ترانہ سنتے ہوئے۔



میلہ کے شرکا قومی ترانہ سنتے ہوئے۔

(رپورٹ: اسد علی خان، ڈپٹی منیجر، ریجنل آفس نارتھ)

# اسٹیٹ لائف راولپنڈی زون کی مرکزی سیرت کمیٹی کے تحت جلسہ عیدمیلادالنبی ﷺ کا انعقاد

گذشتہ دنوں اسٹیٹ لائف راولپنڈی زون کے زیراہتمام جلسہ عیدمیلادالنبی ﷺ کا انعقاد کیا گیا جس میں ریجنل چیف نارتھ جناب چوہدری محمد اعجاز، سیرت کمیٹی کے کنوینز جناب دلاور بخت، صدر آفیسر ایسوسی ایشن پنڈی زون، ایریا منیجر ایسوسی ایشن کے صدر، اسٹاف یونین پنڈی کے صدر، مارکیٹنگ وفیلڈ فورس، افسران اور اسٹاف نے بھرپور شرکت کی۔


جناب چوہدری اعجاز احمد ریجنل چیف نارتھ ریجن، اور ساتھی اسٹیج پر تشریف فرما ہیں۔

جلسہ عیدمیلادالنبی ﷺ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ تلاوت کی سعادت قاری احسان اللہ قادری نے حاصل کی۔ نعت خواں حضرات نے ہدیہ نعت پیش کیا۔

حافظ مولانا محمد اکبر نقشبندی نے حضور نبی کریم ﷺ کی سیرت پاک اور کردار اور اُن کے مقام و فراست پر روشنی ڈالی اور اپنے تفصیلی خطاب میں حضور ﷺ کی شانِ عالی وقار کو اس انداز میں پیش کیا جس کو حاضرین مجلس نے بہت سراہا۔


علامہ حافظ مولانا محمد اکبر نقشبندی خطاب کرتے ہوئے۔

تقریب کی نظامت کے فرائض چوہدری تنویر احمد نے ادا کیے۔

اس موقع پر حسب روایت عمرہ کی قرعہ اندازی بھی کی گئی۔ جس میں 15 خوش نصیبوں کے نام نکالے گئے۔

ریجنل چیف نارتھ ریجن جناب چوہدری اعجاز نے درودِ پاک کے ورد کی برکات پر روشنی ڈالی۔

جناب دلاور بخت نے اختتامی خطاب میں اپنی زندگی کو حضور ﷺ کی سیرت و کردار کے مطابق ڈھالنے پر زور دیا۔


شرکاء جلسہ عیدمیلادالنبی ﷺ۔

محفل کے آخر میں سرور کائنات ﷺ پر درود وسلام پیش کیا گیا اور ادارے کی ترقی کے لیے دعا کی گئی۔

(رپورٹ: عبدالحفیظ اعوان، پنڈی زون)

## محترمہ رضیہ رمضان ڈوسہ نے، ڈیپارٹمنٹل ہیڈ سی سی ڈی کا چارج سنبھال لیا



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق آفس مینجمنٹ گروپ کے بی پی ایس 18 کی آفیسر محترمہ رضیہ رمضان ڈوسہ کو اسٹیٹ لائف میں انچارج سی سی ڈی تعینات کیا گیا ہے۔

محترمہ رضیہ رمضان ڈوسہ، سی ایس ایس میں کامیابی کے بعد گذشتہ کئی سالوں سے وفاقی اور پبلک سیکٹر کے محکموں میں تعینات ہیں۔ اس سے قبل وہ ڈی جی پورٹ اینڈ شپنگ کراچی اور فنانس ڈویژن اسلام آباد میں بھی اپنی خدمات انجام دیتی رہی ہیں۔

ادارہ تحفظ محترمہ رضیہ رمضان ڈوسہ کو ان کی نئی ذمہ داری میں کامیابی کے لیے دعا گو ہے اور مبارک باد پیش کرتا ہے۔ (رپورٹ تحفظ)

# جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا سرگودھا زون کا دورہ

گذشتہ دنوں جناب اظہر حسین ہمراہ جناب خالد محمود شاہد، ریجنل چیف فیصل آباد، سرگودھا تشریف لائے۔ زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید اور سرگودھا زون کی مارکیٹنگ فورس کے اعلیٰ افسران بشمول فیلڈ کارکنان نے ''چار مینار'' ہوٹل پر معزز مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہا۔



سرگودھا زون کا یہ فنکشن ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی سرگودھا آمد کے موقع پر اس طرح ترتیب دیا گیا تھا کہ اس میں شریک ہر کارکن بزنس مقابلہ کوالیفائی کر کے شامل ہوا تھا۔

اس موقع پر جناب عبدالستار جاوید، زونل سربراہ، سرگودھا زون نے تمام کوالیفائرز کو مبارک باد دی اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اور ریجنل چیف کو سرگودھا آمد پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا اور وعدہ کیا کہ مارچ 2017 میں سرگودھا زون کی فیلڈ فورس ایک نئی تاریخ رقم کرے گی۔

اپنے خطاب میں ریجنل چیف فیصل آباد نے بھی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اور فیلڈ کے تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ سرگودھا زون کی مارکیٹنگ ٹیم نہایت پروفیشنل ہے اور اپنے کام کو مکمل طور پر سمجھتی ہے۔ آج کی تقریب میں کارکنان اور فیلڈ کے تمام ساتھیوں کا جوش و جذبہ قابل دید ہے۔ اور یہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ مارچ میں سرگودھا زون شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔

ڈویژنل مارکیٹنگ نے اپنی motivational speech میں مارکیٹنگ کی تکنیک اور تجربات پر روشنی ڈالی اور کہا کہ بیمہ زندگی کے کاروبار سے وابستہ کوئی بھی کامیاب شخص دنیا میں



کسی بھی جگہ، کسی بھی کام میں ناکام نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ آپ کو ابھی اور محنت کرنی ہے اور سرگودھا زون کو نمبر 1 زون بنانا ہے۔

## الفا انشورنس لمیٹڈ، تعارف اور مقاصد

تحفظ پڑھنے والے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے تمام فیلڈ اور آفس کے ساتھیوں کو الفا جنرل انشورنس کے بارے میں چند ضروری معلومات فراہم کرنا چاہتا ہوں۔ الفا انشورنس کا قیام 1951 میں عمل میں آیا۔ 1972ء میں اسٹیٹ لائف کے قیام کے بعد الفا انشورنس کے 94% شیئرز کی ملکیت پرائیویٹ سیکٹر کی جنرل انشورنس کی حیثیت سے اسٹیٹ لائف کے پاس آ گئی اور الفا انشورنس کے تمام ڈائریکٹرز کی نامزدگی اسٹیٹ لائف انشورنس کو حاصل ہوگئی۔ اس وقت جناب غفران میمن الفا انشورنس کے چیئرمین کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں اور جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اس کے MD اور CEO کے طور پر ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ الفا انشورنس ISO 9001 سرٹیفائیڈ کمپنی ہے۔ JCR-VIS ریٹنگ کمیٹی نے اس کو ''A'' کیٹیگری کمپنی کی حیثیت سے رجسٹرڈ کیا ہوا ہے۔ الفا انشورنس پاکستان کی دیگر جنرل انشورنس کمپنیز کی طرح ہر فیلڈ میں متحرک کردار ادا کر رہی ہے۔ اس وقت کمپنی کے 3 ریجنل آفسز اور 17 برانچز پاکستان کے مختلف شہروں میں مصروف عمل ہیں۔

کمپنی کا ہیڈ آفس کراچی اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر I-B آئی آئی چندریگر روڈ پر واقع ہے۔

تین ریجنل آفس درج ذیل ہیں:


(1) سدرن ریجن : کراچی، حیدر آباد، نواب شاہ اور کوئٹہ۔

(2) سینٹرل ریجن : لاہور، فیصل آباد، ملتان، بہاولپور اور ساہیوال۔

(3) ناردرن ریجن: راولپنڈی، اسلام آباد اور پشاور۔

(رپورٹ، جناب محمد خالد شیخ سابق زونل ہیڈ ساؤتھ)

## جناب محمد خالد شیخ نے جنرل منیجر (آپریشن) الفا انشورنس لمیٹڈ کا چارج سنبھال لیا



جناب محمد خالد شیخ، سابق زونل سربراہ اسٹیٹ لائف نے جنرل منیجر مارکیٹنگ سندھ بلوچستان کے ساتھ جنرل منیجر (آپریشن) الفا انشورنس لمیٹڈ کا چارج سنبھال لیا ہے۔

ادارہ تحفظ جناب محمد خالد شیخ کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو نئی ذمہ داریوں کو بہ حسن خوبی ادا کرنے کی ہمت عطا فرمائے، (آمین)

## جناب اظہر حسین کو منیجنگ ڈائریکٹر الفا انشورنس تعینات کر دیا



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق جناب اظہر حسین جنرل منیجر مارکیٹنگ پی او کو اُن کی اپنی ذمہ داریوں کے علاوہ یکم فروری 2017 سے (Officiating) منیجنگ ڈائریکٹر الفا انشورنس تعینات کیا گیا ہے۔

ادارہ تحفظ جناب اظہر حسین کو اُن کی نئی ذمہ داریوں پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

# بہاولپور زون میں سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کی میٹنگ

گذشتہ دنوں بہاولپور زون میں سیکٹر ہیڈ اور ایریا منیجرز میٹنگ میں ریجنل چیف ملتان جناب محمد داؤد ناصر نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سیکٹر ہیڈ رمضان بھٹی نے انجام دیے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت ایریا منیجر نزاکت بخاری نے حاصل کی۔ زونل سربراہ بہاولپور زون جناب چوہدری محمد یوسف مختار نے ریجنل چیف کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور تمام ساتھیوں کو مبارک باد پیش کی اور کہا کہ بہاولپور زون کی فورس، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز، آفیسرز اور اسٹاف کی شب و روز محنت کی وجہ سے زون نے ماہ دسمبر میں پورے پاکستان میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور یہ کامیابی ریجنل چیف صاحب کی خصوصی رہنمائی اور حوصلہ افزائی سے ہی ممکن ہوئی ہے۔ ریجنل چیف نے انتہائی خوبصورت انداز میں تقریر کی۔ ان کی تقریر کے دوران لوگوں کی توجہ اور انہماک قابل دید تھا۔ انہوں نے زونل ہیڈ بہاولپور زون چوہدری محمد یوسف مختار کی قائدانہ صلاحیتوں کی تعریف کی جس کی وجہ سے زون نے ماہ دسمبر میں پوری کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔





ریجنل چیف نے اپنے خطاب میں 2016ء میں کارپوریشن اور ملتان ریجن کی کارکردگی بیان کی۔ اس موقع پر تمام لوگوں نے ریجنل چیف کی قائدانہ صلاحیتوں کو کھڑے ہو کر تالیاں بجاتے ہوئے بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔

تقریب کے آخر میں کامیاب ایریا منیجرز چوہدری محمد سلیم، چوہدری محمد رمضان، محمد یٰسین، ظفر غوری اور سیکٹر ہیڈز محمد سعید ملک، الطاف حسین، میاں رضوان مجید کو شاندار کارکردگی پر مبارکباد پیش کی گئی۔

(رپورٹ: میاں رضوان مجید، سیکٹر ہیڈ، بہاولپور زون)

## ریجنل چیف سینٹرل جناب طاہر اے خان کی لاہور زون ویسٹرن کی قرعہ اندازی کی تقریب میں شرکت کی تصویری جھلکیاں



ریجنل چیف سینٹرل جناب طاہر اے خان، مہندر سنگھ خالصہ سیلز آفیسر لاہور زون کو سوزوکی مہران کی چابی دیتے ہوئے۔
اس موقع پر زونل ہیڈ لاہور ویسٹرن ذوالفقار علی گیلانی بھی نمایاں ہیں۔



حاضرین محفل

# سال نو کے آغاز پر بیمہ بروسیکٹر فیصل آباد زون کے زیر اہتمام ایک رنگا رنگ تقریب
## چیئرمین جناب شعیب میر کی خصوصی شرکت!

فیصل آباد ریجن میں سال 2017 کا شاندار آغاز فیصل آباد ریجن کے بیمہ بروسیکٹر کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے سلسلے میں ایک شاندار اور پر وقار تقریب کا انعقاد بیمہ بروسیکٹر کے سیکٹر ہیڈ جناب محمد سرور نے کیا۔ جس میں چیئر مین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر اور جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے شرکت کی۔ ہوٹل پہنچنے پر جناب چیئر مین شعیب میر کا پر تپاک استقبال کیا گیا۔

اس تقریب میں ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد، فیصل آباد ریجن کے زونل قائدین جناب چوہدری محمد سرفراز زونل ہیڈ فیصل آباد، سرگودھا زون کے زونل ہیڈ جناب عبدالستار جاوید، جھنگ زون کے زونل ہیڈ جناب محمد اکبر مغل، ریجنل انچارج اور ڈیپارٹمنٹل ہیڈز، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر جناب ساجد محمود شیخ، ایریا منیجر ایسوسی ایشن فیصل آباد زون کے صدر چوہدری سردار، آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر محمد اختر اور جنرل سیکریٹری چوہدری تنویر الحق کے علاوہ آفسران واسٹاف نے بھی شرکت کی۔

نظامت کے فرائض ایریا منیجر محمد رضوان ارشد نے ادا کیے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن حکیم اور نعت رسول ﷺ سے کیا گیا۔ بعدازاں قومی ترانہ روایتی احترام سے پیش کیا گیا۔

جناب محمد سرور سیکٹر ہیڈ بیمہ برو نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انہوں نے چیئر مین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کو ان کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور حاضرین محفل کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنے سیکٹر کی کارکردگی پیش کی اور کہا کہ میں فخر کے ساتھ یہ کہتا ہوں کہ کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے والا ایریا منیجر بیمہ بروسیکٹر کا ہے اور کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے والا سیلز منیجر بھی بیمہ بروسیکٹر کا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے بیمہ بروسیکٹر کی سات سالہ کارکردگی کی ڈاکومینٹری بھی پیش کی۔











ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے خصوصی خطاب میں بیمہ بروسیکٹر کی محنت اور کام کی تعریف کی۔ انہوں نے پوزیشن حاصل کرنے والوں کو مبارکباد پیش کی۔ اور اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ چیئر مین صاحب میں سارے پاکستان میں دورے کرتا ہوں فیلڈ کی حوصلہ افزائی اور انہیں متحرک رکھنے کی کوشش کرتا ہوں، لیکن میں خود بھی فیصل آباد زون میں اپنا عزم وحوصلہ تازہ کرنے کے لیے آتا ہوں۔ فیصل آباد زون کا بیمہ بروسیکٹر کے فیلڈ ورکرز پورے اسٹیٹ لائف کے فیلڈ ورکرز کے لیے مشعل راہ ہے۔ بعدازاں جناب ظہر حسین نے چیئر مین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کو دعوتِ خطاب دی۔ چیئر مین جناب شعیب میر نے اپنے خطاب میں سرسید احمد خان کی لازوال کاوشوں اور شاندار نصب العین کو سراہا کہ انہوں نے مشکل ترین حالت میں مسلمانانِ برصغیر پاک وہند کو تعلیمی میدان میں کامیاب کر کے ایک نئی تاریخ رقم کی۔ انہوں نے کہا کہ میں آج وہی جذبہ، جوش اور لگن آپ لوگوں میں دیکھ رہا ہوں۔ آج میں پر اعتماد ہوں کہ اسٹیٹ لائف کا مستقبل محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ بعدازاں جناب خالد محمود شاہد ریجنل چیف فیصل آباد نے جناب چوہدری محمد سرفراز زونل ہیڈ فیصل آباد کو کارپوریشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ زونل ہیڈ فیصل آباد نے اپنے قائد ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور زونل ہیڈز عبدالستار جاوید اور جناب محمد اکبر مغل کا ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔

آخر میں پوزیشن حاصل کرنے والے ایریا منیجرز میں جناب عدیل منظور نے پوری کارپوریشن میں ایریا منیجر کیٹگری میں اول پوزیشن، ایریا منیجر رضوان ارشد نے کارپوریشن میں چوتھی اور ریجن میں دوسری پوزیشن اور جناب بابر سلیم، ایریا منیجر نے ریجن میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ سیلز منیجرز کیٹگری میں جناب عدیل رضا نے کارپوریشن میں اول پوزیشن اور فیصل علیم نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ بعدازاں تینوں ایریا منیجرز اور دونوں سیلز منیجرز کو چیئر مین جناب شعیب میر اور جی ایم مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے ہار اور گلدستے پیش کیے۔

(تحفظ رپورٹ: محمد یٰسین، فیصل آباد ریجن)









# اسٹیٹ لائف جھنگ زون
# کا لکی ڈرا!

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون کی طرف سے ایک لکی ڈرا کا اہتمام کیا گیا۔جس میں تمام فیلڈ کارکنان، سیلز آفیسرز اور سیلز منیجرز نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اپنے زونل قائد جناب اکبر مغل کی قیادت میں ماہ نومبر 2016 میں کارپوریشن میں سال اول کے کاروبار میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔اس لکی ڈرا کی قرعہ اندازی دسمبر 2016 میں منعقد ہوئی اور جیتنے والے خوش نصیبوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔بمپر پرائز Suzuki Car کا انعام


جناب اظہر حسین صاحب ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اور جناب خالد محمود شاہد صاحب ریجنل چیف فیصل آباد ریجن جھنگ زون کے مختلف ڈیپارٹمنٹس کا دورہ کر رہے ہیں، جناب محمد اکبر مغل زونل ہیڈ اور جناب تجمل حسین صدر سی بی اے اُن کے ساتھ ہیں۔

محمد عارف سیلز نمائندہ نے حاصل کیا جن کو کار کی چابی جناب اظہر حسین، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ،



جناب اظہر حسین صاحب، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ممتاز احمد سیال انچارج زونل سربراہ سیکریٹریٹ جھنگ زون کو Best Performance Cetrificate دے رہے ہیں۔

جناب خالد محمود شاہد، ریجنل چیف فیصل آباد اور جناب محمد اکبر مغل، زونل ہیڈ جھنگ زون نے پیش کی۔تقریب کے مہمان خصوصی جناب اظہر حسین صاحب نے شرکا سے خطاب میں کہا کہ جھنگ زون کے لوگ اگر اسی ولولہ سے کام کرتے رہے تو جھنگ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی


جناب اظہر حسین صاحب ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ شیخ محمد عارف ایریا منیجر کو Best Performance Cetrificate دے رہے ہیں۔

کر کے کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کرے گا۔


جناب محمد اکبر زونل سربراہ جھنگ زون خوش نصیب محمد عارف سیلز نمائندہ کو گاڑی کی چابی دے رہے ہیں۔

(رپورٹ: ممتاز احمد سیال، انچارج ZHS، جھنگ زون)

# فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان کے وفد کی صدر محمد اصغر کی سربراہی میں چیئرمین شعیب میر سے ملاقات!



چیئرمین شعیب میر کو فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان کے صدر محمد اصغر خوبصورت بُکے پیش کر رہے ہیں، ان کے ہمراہ ایریا منیجر ایسوسی ایشن ریاض محمد اعوان محمد موجود ہیں۔

گذشتہ دنوں لاہور میں صدر محمد اصغر کی قیادت میں اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے وفد نے چیئرمین جناب شعیب میر سے ملاقات کی اور انہیں فیلڈ فورس کی جانب سے خوش آمدید کہتے ہوئے خوبصورت پھول پیش کیے۔

اس ملاقات میں ریجنل چیف سینٹرل طاہر اے خان ان کے ہمراہ سیکریٹری جنرل آغا سہیل کامران خان، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل ساجد محمود، ایڈیشنل سیکریٹری اطلاعات محمد جاوید خاور، ریجنل کوآرڈینیٹر سید حسن عباس حسینی اور بھی موجود تھے۔

ظہرانے کی اس میٹنگ میں کارپوریشن کی فیلڈ کے امور زیر بحث آئے۔ چیئرمین شعیب میر نے فیلڈ فورس کے اموروں میں اپنی گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور کہا کہ آپ لوگ سخت گرمی، سردی اور ہر قسم کی حالات میں بہت جانفشانی سے محنت کرتے ہیں، کارپوریشن کو اپنی فیلڈ فورس پر ناز ہے۔ ہماری پوری کوشش ہوگی کہ سالانہ کوٹے میں تبدیلی، میڈیکل مراعات اور عمر کی حد میں اضافہ، ٹرسٹ کی چیئرمین شپ کی قبولیت وشرائط کا تعین، فیلڈ کے رکے ہوئے فنڈز کا اجراء اور پیٹرول کے سلسلے میں شرائط وغیرہ کے بارے میں جلد از جلد معاملات کو حتمی شکل دی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں بہت جلد پرنسپل آفس میں ملاقات رکھی جائے گی۔

(رپورٹ: اسلم پرویز، سیکرٹری اطلاعات، اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن)

## جناب شعیب میر چیئرمین اسٹیٹ لائف کے خیبر پختونخواہ ریجن کے پہلے دورے کی تصویری جھلکیاں







# مارکیٹنگ ایگزیکیٹو کانفرنس، ناردرن ریجن، اسلام آباد میں انعقاد

گذشتہ دنوں ناردرن ریجن کی مارکیٹنگ ایگزیکیٹو کانفرنس منعقد ہوئی۔ جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اس موقع پر مہمان خصوصی تھے۔

جناب چوہدری محمد اعجاز، ریجنل چیف نارتھ، جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، زونل ہیڈز ناردرن ریجن اور تمام سیکٹر ہیڈز نے کانفرنس میں شرکت کی۔



اپنے افتتاحی خطاب میں چوہدری محمد اعجاز، ریجنل چیف نارتھ نے بزنس ریویو، ماہ اکتوبر پیش کیا اور تالیوں کی گونج میں اعلان کیا کہ ناردرن ریجن سال 2016 میں اول پوزیشن حاصل کرے گا۔ تمام زونل ہیڈز/سیکٹر ہیڈز نے یقین دہانی کرائی کہ انشا اللہ ناردرن ریجن سال 2016 میں نمایاں پوزیشن حاصل کرے گا۔



تقریب کے دوران نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے سیکٹر ہیڈز کو ہار پہنائے اور کونٹیسٹ جیتنے والے خوش نصیب سیکٹر ہیڈز میں چیک پیش کیے گئے۔ تمام سیکٹر ہیڈز نے ماہ نومبر اور دسمبر میں اپنے بزنس ٹارگٹ کو مکمل کرنے کی یقین دہانی کرائی، آخر میں زونل ہیڈ راولپنڈی جناب محمد یوسف فاروقی نے تمام شرکاء محفل کا شکریہ ادا کیا۔

(رپورٹ: اسد علی خان، ڈپٹی منیجر، ریجنل آفس نارتھ)

## ایفائے عہد کی تکمیل

چوہدری محمد یوسف مختار زونل ہیڈ بہاولپور زون، مشہور سماجی و سیاسی شخصیت رانا محمد اسلم کی وفات پر اُن کے ورثاء کو 2 50,000,00 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں۔



# فیصل آبادریجن کی 2017ءمیں پہلی سیکٹر ہیڈز کانفرنس

جناب اظہر حسین صاحب ڈویژنل ہیڈ (مارکیٹنگ) کی صدارت میں فیصل آبادریجن کے سیکٹر ہیڈز کی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں فیصل آباد کے بزنس کا جائزہ پیش کیا گیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن حکیم اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا۔

نظامت کے فرائض معظم علی معظم ریجنل انچارج (ایجنسی) نے انجام دیے۔

جنوری 2017 کو چوہدری غلام رسول، سیکٹر ہیڈ، فیصل آباد زون، رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے تھے ان کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔

جناب خالد محمود شاہد صاحب، ریجنل چیف فیصل آباد نے ڈویژنل ہیڈ (مارکیٹنگ) کا فیصل آباد ریجن آمد پر شکریہ ادا کیا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ فیصل آباد ریجن کے زونل سربراہان میں سے چوہدری سرفراز احمد زونل سربراہ فیصل آباد زون کو کارپوریشن میں کاروباری حجم کی بنیاد پر اول پوزیشن حاصل کرنے پر، جناب اکبر مغل، زونل سربراہ جھنگ زون کو پرسنٹیج کی بنیاد پر ریجن میں اول پوزیشن اور جناب عبدالستار جاوید زونل سربراہ سرگودھا زون کو ریجن میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر ہار اور گلدستے پیش کیے گئے۔

فیصل آباد ریجن میں کاروباری حجم کی بنیاد پر پہلی پوزیشن کے حصول پر سیکٹر ہیڈ فیصل آباد زون محمد سرور اور سید واجد علی شاہ سیکٹر ہیڈ فیصل آباد زون کو پرسنٹیج کی بنیاد پر ریجن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر ہار پہنائے گئے اور سرٹیفکیٹ اور گلدستے پیش کیے گئے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے ریجن میں کاروباری حجم کی بنیاد پر اور پرسنٹیج کی بنیاد پر پہلی دس پوزیشن حاصل کرنے والے سیکٹر ہیڈز کو ہار پہنائے۔

بعدازاں فیصل آباد ریجن کے تمام سیکٹرز کے کاروبار کا جائزہ ملٹی میڈیا کے ذریعے آئی ٹی منیجر جناب رفاقت علی رفاقت نے پیش کیا۔ جناب اظہر حسین، جی ایم مارکیٹنگ نے بزنس کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنے تجربہ اور تجاویز سے سیکٹر ہیڈز کو آگاہ کیا اور کہا ان تجربات اور بہتر حکمت عملی کے ذریعہ سال 2017ء میں کارپوریشن میں بہترین پوزیشن حاصل کی جاسکتی ہے۔

ریجنل چیف خالد محمود شاہد صاحب نے شرکاء کا ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور سال 2017ء کے بزنس کو مزید بہتر کرنے پر زور دیا۔








(تحفظ رپورٹ: محمد یسٰین، ریجنل کوآرڈینیٹر، فیصل آباد ریجن)

# تصویری خبرنامہ



جناب اظہر حسین جی ایم مارکیٹنگ جھنگ زون میں ہونے والی قرعہ اندازی میں کار جیتنے والی خوش نصیب سیلز آفیسر محمودہ سلطانہ کوان کی غیر موجودگی میں ان کی سیلز منیجر طاہرہ پروین کوان کی گاڑی کی چابی دے رہے ہیں،تصویر میں ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد اورزونل ہیڈ جھنگ جناب محمد اکبر مغل بھی نمایاں ہیں۔



سہیل اقبال خان اسٹیٹ لائف کے ریٹائر ہونے والے اسسٹنٹ جنرل منیجر (پی اینڈ جی ایس) پی او جناب عارف ابراہیم کو ریٹائرمنٹ کے موقع پر شیلڈ پیش کررہے ہیں اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب غفران میمن اور جناب عرفان انور بلوچ بھی موجود ہیں۔



اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے سابق ریجنل میڈیا کوآرڈینیٹر اسلام آباد راجہ احسان الحق کے بیٹے کی شادی کے موقع پر سابق ڈپٹی جنرل منیجر کارپوریٹ کمیونیکشن پرنسپل آفس مظفر احمد کے ساتھ گروپ فوٹو۔



جناب شفیق احمد شیخ جی ایم (پی اینڈ جی ایس) کو عمرے کی ادائیگی سے واپسی پر صدر مرزا اقبال بیگ اسٹیٹ لائف کلب کی جانب سے درود شریف کا طغرہ پیش کررہے ہیں۔



فیصل آباد زون سے ریٹائر ہونے والے ڈرائیور فتح محمد کو زونل صدر فیصل آباد یونین تحفہ دے رہے ہیں،اس موقع پر ریجنل چیف خالد محمود شاہد اور زونل ہیڈ فیصل آباد بھی نمایاں ہیں۔

# اسٹیٹ لائف
# میدانِ عمل میں



زونل ہیڈ میرپور آزاد کشمیر زون سید اشرف حسین رضوی، بیمہ دار چوہدری مختار احمد کوان کی پالیسی کی میچورٹی پر مبلغ =/7,856,000 روپے کا چیک دے رہے ہیں اس موقع پر سیکٹر ہیڈ زاہد محمود، سیلز منیجر چوہدری محمد علی اور محمد رفیق چوہدری بھی نمایاں ہیں۔




جناب سعید خان زونل ہیڈ کراچی ساؤتھ محمد ابراہیم راجپر کی بیوہ بشیراں خاتون کو پانچ لاکھ پچھتر ہزار کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں، تصویر میں ان کی دوسری بیوہ ممتاز بیگم بھی موجود ہیں جن کو بھی اسی مالیت کا ڈیتھ کلیم چیک دیا گیا۔



تاجدار حسین سیکٹر ہیڈ، مسماۃ سمیرا کوان کی خالہ کی وفات کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/306,000 روپے دے رہے ہیں، تصویر میں اسلم پرویز انفارمیشن سیکریٹری فیلڈ ورکرز فیڈریشن بھی موجود ہیں۔




جناب ملک محمد آصف اعوان، ایریا منیجر، جہلم زون سہیل ندیم اسلم کی بیوہ کو -/1,320,000 روپے کا ڈیتھ کلیم کا چیک دے رہے ہیں۔



جناب رضوان احمد ایریا منیجر میچوریٹی چیک دیتے ہوئے۔

# جذبات اور فروخت کاری



ایک بڑے سرکاری ادارے کی انتظامیہ کو ایک دو روزہ ٹریننگ کورس کرانے کے دوران Emotional Intellegence(ایموشنل انٹیلیجنس) کے حوالے سے کئی سوالات سامنے آئے اور سیر حاصل گفتگو ہوئی، چند سوالات یہ ہیں۔

1۔ جذبات اور احساسات میں کیا فرق ہے؟

2۔ جذبات کے شعور سے کیا مراد ہے؟

3۔ ایک سماج میں رہتے ہوئے جذبات کو سمجھنے اور اس شعور کے استعمال کے کیا فائدے ملتے ہیں اور اگر یہ شعور حاصل نہ ہو تو کیا دشواریاں پیش آتی ہیں؟

4۔ جذبات کو manage کرنا اور اس سے آگے بڑھ کر کنٹرول کرنا کیوں فائدہ مند ہوسکتا ہے؟

ان تمام سوالات کے جوابات دینے کے لیے ایک طویل تحریر کی ضرورت ہوگی۔ اس لیے یہاں اس بات کا ایک اجمالی جائزہ لیتے ہیں کہ فروخت کاری میں مخاطب کے احساسات اور جذبات کو سمجھنا کس طرح سے ہمارے کام آ سکتا ہے۔ احساس تو ایک ذہنی کیفیت کا نام ہے اور جذبات وہ ہوتے ہیں جب احساسات میں ارتعاش، خلل، یا اتار چڑھاؤ پیدا ہو جائے۔ یہ مثبت بھی ہوسکتا ہے، منفی بھی، مثلاً محبت، لحاظ، مروت، انکساری، احترام وغیرہ مثبت ہیں جبکہ نفرت، غصہ، کینہ وغیرہ منفی ہیں۔ اسی طرح تفریح، حیرانی، ندامت بھی جذبات ہی ہیں۔ واضح رہے کہ احساسات اور جذبات ایک دوسرے سے الگ ہونے کے باوجود ایک سطح پر گھل مل جاتے ہیں۔

اب آیئے اپنے موضوع پر! ہمارا نمائندہ جب فروخت کاری کے لیے کسی متوقع خریدار کے پاس پہنچتا ہے تو اس کی جذباتی کیفیت کو دیکھتا ہے، مخاطب پرسکون، فارغ ہو اور بات سننے کے لیے آمادہ ہو یا کر لیا جائے تو بات کرنا مفید ہوتا ہے۔ ہم کسی وکیل سے عدالتی اوقات کے دوران اطمینان سے بات نہیں کر سکتے۔ یہی صاحب جب شام کو اپنے دفتر میں یا گھر پر ہوتے ہیں تو ان سے گفتگو فائدہ مند رہتی ہے۔

ہمیں نہ صرف جذبات کو سمجھنا ہوتا ہے بلکہ مثبت جذبات کو ابھارنا بھی ہوتا ہے۔ مثلاً خاندان سے محبت کا جذبہ، بچوں کی تعلیم اور شادی میں سہولت کا جذبہ، فضول خرچی سے گریز اور محنت سے کمائی ہوئی آمدنی کو بیمہ زندگی کے ذریعے محفوظ کرنے کا جذبہ ہی وہ اوزار (Basic Tools) ہیں جو ہمارے کام آتے ہیں۔ لیکن یہ ٹولز اس وقت مؤثر ہوتے ہیں جب ہم مخاطب کی ذہنی کیفیت کو سمجھ کر احساسات کو اجاگر کریں۔ ایسا اگر مدلل اور مربوط گفتگو کے ذریعے کیا جائے اور اپنے مقصد کی طرف پیش مقدمی جاری رکھی جائے تو اسی کو فروخت کاری کی حوالے سے جذبات کو manage کرنا کہتے ہیں۔ یہ کام مہارت چاہتا ہے۔

ایسی مہارت پیدا کرنے کے لیے ہمارا تربیتی شعبہ، فیلڈ افسران اور اعلیٰ انتظامیہ کے مارکیٹنگ شعبہ سے منسلک لوگ بہت عمدہ کام کر رہے ہیں۔ آپ کا ایک دیرینہ ساتھی ہونے کے ناطے میں چند تجاویز دے رہا ہوں۔

- آپ کبھی بھی مایوس (Frustrate) نہ ہوں۔ متوقع خریدار اگر اعتراض یا سوال کرے تو اسے دلچسپی کا اظہار سمجھیں۔
- اختلاف رائے جہاں ضروری ہو، ضرور کریں مگر مناسب متانت اور سنجیدگی سے کریں۔ جذباتی نہ ہوں۔
- ایسی گفتگو کریں جس سے جذبات کو مناسب حد تک اجاگر کیا جائے۔ اپنی ضرورت کے مطابق اور مثبت استعمال کے لیے۔
- جارحانہ انداز فروخت، اچھا ہوتا ہے مگر ایسے جارحانہ انداز میں نرم گفتاری ہی کام آئے گی۔ جارحیت، مقصدیت سے آگے نہ بڑھ جائے۔
- اپنی Anxiety اور ذہنی دباؤ کو حد میں رکھنا، یعنی بعض اوقات ہم اہداف سے پیچھے ہوتے ہیں اور متوقع خریدار پر یہ واضح ہو جائے کہ ہم اس کے مفاد کے لیے نہیں، اپنے ہدف کے حصول کے لیے بے تاب ہیں تو فروخت کی تکمیل کے بجائے تاخیر یا دوسری طرف سے معذرت کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

یہ ایک سنجیدہ اور طویل موضوع ہے مگر فی الوقت گفتگو کو یہاں تک ہی محدود رکھتے ہیں۔

(محمد افضل جنجوعہ، سابق ڈی جی ایم، ایچ آر ڈی ڈی)



# Fixed Income Investment and Trading Certification Course

In an effort to develop the professional capacity for fixed income market in Pakistan, USAID Financial Market Development Activity (FMD), in association with Institute of Financial Markets of Pakistan (IFMP) and the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), organized a one-day training program held at Pearl Continental Hotel, Karachi for SLIC.



The program was designed to become the benchmark course for the certification/qualification of professionals dealing with fixed income investments and was intended to create a critical knowledge base and skillset amongst different institutional investors, such as mutual funds, insurance companies, pension fund managers, and other market participants.

The program contained four sessions in which course facilitators covered various areas of investment including fixed income securities, equity portfolio management, corporate debt securities, real estate investment trusts and portfolio management and overview of regulatory framework.

Addressing the gathering, the honorable Chairman State Life Mr. Shoaib Mir laid special emphasis on the importance of training in any organization. He narrated that training plays a vital role for organizational development and success. A well-trained employee becomes more efficient and productive for any organization. He welcomed the efforts of FMD and IFMP for providing participants with a comprehensive understanding about certain areas of investments; not only including bond markets and products, but also pricing and portfolio management techniques. Mr. Muhammad Izgar Khan, Executive Director (Investment) also appreciated and thanked FMD and IFMP for taking the initiative and conducting training specifically for SLIC. He said he looked forward to such collaborative training programs in the future for SLIC.



Mr. Shoaib Mir and Mr. Muhammad Izqar Khan also jointly distributed mementos to the speakers of FMD – Mr. Abdul Qayyum, Money Market Expert; Mr. Amir Khan, Debts Capital Markets Expert; Mr. John Crowley, Resident Advisor on Debt Capital Markets; Mr. Werner Riecke, Government Advisor on Government Debt Planning & Management and Mr. Christian C. Johnson, SME Listing Expert.

At the end of the training program, the participants were awarded certificates by the speakers of FMD, which was followed by a vote of thanks from Mr. Mushtaq Ahmad, Divisional Head (Investment) to FMD, IFMP and SLIC officials looking after program arrangements which ultimately produced a memorable and successful event.



Report by: Raheel Abu Ali AGM (Investment)

Size: 8.25 x 11 Inch Back

STATE LIFE
INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

# Tabaffuz

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan (Only for Marketing Force)

March 2017

## *Fixed Income Investment and Trading Certification Course*









